DHC
DuPage Health Coalition

غیر بیمہ شدہ افراد کے لیے صحت کی خدمات

DuPage Dispensary of Hope

DuPage Dispensary of Hope (DDOH) ایک فارمیسی پروگرام ہے جو غیر بیمہ شدہ مریضوں (بشمول Access DuPage ممبران کو ایک قابل قبول نسخے کے ساتھ مفت ادویات حاصل کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔

شرائط: غیر بیمہ شدہ ہونا چاہیے اور آمدنی کے درج ذیل رہنماء خطوط پر پورا اترنا لازمی ہے:

سوالات پوچھنے یا دستیاب ادویات کی فہرست کے لیے، براہ کرم accessdupage.org/dispensary-of-hope ملاحظہ کریں یا 331-716-7577 پر فون کریں۔

Silver Access

Silver Access (SA) کم آمدنی والے خاندانوں کو مالی مدد ($150 تک) فراہم کرتا ہے جو مارکیٹ پلیس سے ہیلتھ انشورنس خریدتے ہیں۔

شرائط: Dupage کاؤنٹی کا رہائشی ہونا ضروری ہے، ذیل میں آمدنی کے رہنماء خطوط پر پورا اترنا اور ACA Marketplace انشورنس میں اندراج کرنے کے قابل ہونا لازمی ہے۔

سوالات پوچھنے یا درخواست دینے کے لیے، accessdupage.org/silver-access ملاحظہ کریں یا 331-716-7573 پر فون کریں۔

Access DuPage

Access DuPage (AD) کمیونٹی پارٹنرز اور رضاکاروں کی مدد سے ایسے لوگوں کے لیے کم لاگت پر مبنی صحت کی جامع دیکھ بھال کو مربوط کرتا ہے جن کے پاس انشورنس کی سہولت موجود نہ ہو بشمول بنیادی اور خصوصی دیکھ بھال، ادویات، اور ہسپتال کی دیگر خدمات۔

شرائط: Dupage کا رہائشی ہونا، ذیل میں آمدنی کے رہنماء خطوط پر پورا اترنا اور آمدنی اور پتہ کا ثبوت فراہم کرنے کے قابل ہونا لازمی ہے۔

بذریعہ فون درخواست مکمل کرنے یا مزید معلومات کے لیے 331-716-7571 پر فون کریں یا accessdupage.org/accessdupage/ ملاحظہ کریں۔

2023 زیادہ سے زیادہ آمدنی کے رہنماء خطوط (ٹیکس سے پہلے)

خاندان کا سائز	AD/SA	DDOH
	سالانہ آمدنی	
	250% FPL	300% FPL
1	$36,450	$43,740
2	$49,300	$59,160
3	$62,150	$74,580
4	$75,000	$90,000
ہر ایک اضافی شخص	$12,850	$15,420

ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں یا درخواست شروع کرنے کے لیے QR کوڈ سکین کریں

ہمارا فلائیر البانی، عربی، برمی، فارسی، ہندی، پولش، ہسپانوی اور اردو میں بھی دستیاب ہے!

میڈیکل قرض پر نگہداشت DuPage

مڈیکل قرض پر نگہداشت DuPage کے ٹیم ممبران میڈیکل قرض کے ریلیف کے لیے درخواست دینے اور میڈیکل مالی امداد کے پروگراموں کو تلاش کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ بیمہ والے یا بغیر بیمہ والے افراد کے لیے دستیاب ہے۔ تمام میڈیکل بلز بشمول ہسپتال، ایمبولنس اور سپیشلٹی نگہداشت جائزے کے لیے اہل ہیں۔ ہم بلوں کی ادائیگی نہیں کرتے۔

شرائط: DuPage کاؤنٹی کا رہائشی ہونا چاہیئے

سوالات پوچھنے یا اپائنٹمنٹ لینے کے لئے، 331-806-3065 پر کال کریں یا accessdupage.org/medical-debt-care-dupage/ ملاحظہ کریں۔

ہم مدد کے لیے حاضر ہیں!

ہمارا عملہ مختلف خدمات میں مدد کے لیے آپ کی خدمت میں حاضر ہے، بشمول:

- صحت کی تعلیم
- کووڈ - 19 اور فلو کی ویکسینیں
- ہیلتھ انشورنس اور ہیلتھ پروگراموں میں اندراج
- خوراک، یوٹیلیٹی، کرایہ اور مالی امداد سے مربوط کرنا

@AccessDuPage @DHCoalition @dupagehealthcoalition DuPage Health Coalition

511 Thornhill Dr Ste C, Carol Stream, IL 60188 | accessdupage.org | (630) 510-8720

07/05/2023